انڈیکس الفضل انٹرنیشنل

جلد نمبر 13

2006ء

مرتبہ: عبدالحفیظ کھوکھر

عناوین	صفحہ

خطبات جمعہ وعیدین

خلفائے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
16؍دسمبر	قادیان دارالامان	آپ خوش قسمت ہیں کہ آپ اُس بستی کے رہنے والے ہیں جس کے گلی کوچوں نے مسیحا کے قدم چومے۔ آپ میں سے ایک بڑی تعداد اُن لوگوں کی ہے یا اُن لوگوں کی نسل میں سے ہے جنہوں نے مسیح پاک کی اس بستی کی حفاظت کے لئے ہر قربانی دینے کا عہد کیا تھا۔ جنہوں نے اپنے اس عہد کو نبھایا اور خوب نبھایا۔ اس بستی کا ایک احمدی پر یہی حق ہے کہ صرف دنیا کو اپنا مقصود نہ بنائیں بلکہ خدا سے تعلق بھی ایسا قائم ہو جو ہر دیکھنے والے کو نظر آئے۔ اور وہ تب نظر آئے گا جب دعاؤں اور استغفار اور اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرنے کی طرف ہر ایک میں خاص توجہ پیدا ہوگی۔ جلسہ سالانہ کے انتظامات کے سلسلہ میں بعض ضروری ہدایات اور دعاؤں کی تحریک۔ (قادیان دارالامان سے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا پہلا تاریخی خطبہ جمعہ جو ایم ٹی اے کے ذریعہ براہ راست تمام دنیا میں نشر ہوا)	6؍جنوری 2006ء	1
23؍دسمبر	قادیان دارالامان	اس جلسے کے مقاصد میں سے سب سے بڑا مقصد یہ باور کرانا تھا کہ اس دنیا کو ہی سب کچھ نہ سمجھو۔ اپنے اندر زہد و تقویٰ پیدا کرو۔ آپس میں محبت، پیار اور بھائی چارے کے تعلقات پیدا کرو۔ آپ لوگوں کے اخلاص و وفا اور تعلق کو دیکھ کر بے اختیار اللہ تعالیٰ کی اس پیاری جماعت پر پیار آتا ہے۔ ان دنوں میں خاص طور پر اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو سمیٹتے ہوئے اپنے رب کی پہچان، فہم و ادراک اور اس کا قرب حاصل کرنے کی کوشش کرتے چلے جائیں۔ (جلسہ سالانہ قادیان کی مناسبت سے خدمت کرنے والے کارکنان اور مہمانوں کو نہایت اہم نصائح)	13؍جنوری	2
30؍دسمبر	قادیان دارالامان	حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی اللہ تعالیٰ کے حضور دعاؤں کی قبولیت کے طفیل ہم اس کے فضل بارش کی طرح برستے دیکھتے ہیں۔ جلسہ سالانہ قادیان 2005ء کے موقع پر ہم نے اللہ تعالیٰ کی تائیدات کے جو نظارے دیکھے ہیں وہ ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار بندہ بنانے والے ہونے چاہئیں۔ شکر گزاری کے جذبات کے ساتھ نیک اعمال بھی ہونے چاہئیں۔ عبادتوں کے علاوہ حقوق العباد کی ادائیگی کی بھی کوشش کرنی چاہئے۔ (جلسہ سالانہ قادیان کے نہایت کامیاب و بابرکت انعقاد اور اللہ تعالیٰ کی غیر معمولی تائید و نصرت پر احباب کو شکر گزاری کی خصوصی تاکید۔ ایم ٹی اے کے کارکنان و دیگر رضاکارانہ خدمت کرنے والوں اور حکومتی انتظامیہ کے تعاون پر اظہار تشکر)	20؍جنوری	3
6؍جنوری	قادیان دارالامان	وقف جدید کے اُنچاسویں سال کا اعلان مالی قربانی اصلاح نفس اور اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے لئے بہت ضروری ہے۔ نومبائعین کو بھی مالی نظام کا حصہ بنائیں۔ یہ اگلی نسلوں کو سنبھالنے کے لئے بڑا ضروری ہے۔	27؍جنوری	4

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		اب زمانہ ہے کہ ہر گاؤں میں، ہر قصبہ میں اور ہر شہر میں اور وہاں کی ہر مسجد میں ہمارا مربی اور معلم ہونا چاہئے۔اب اس کے لئے بہر حال جماعت کو مالی قربانیاں کرنی پڑیں گی ، اپنے بچوں کی قربانیاں کرنی پڑیں گی کہ ان کو اس کام کے لئے پیش کریں، وقف کریں اور سب ایسے ہونے چاہئیں کہ وہ تقویٰ کے اعلیٰ معیار پر بھی قائم ہوں۔ وقف جدید کے گزشتہ مالی سال میں 21 لاکھ 42 ہزار سے زائد کی وصولی ہوئی اور شامل ہونے والوں کی تعداد 4 لاکھ 66 ہزار ہے۔ مجموعی وصولی کے لحاظ سے امریکہ اول ، پاکستان دوم اور برطانیہ تیسرے نمبر پر رہے۔		
13رجنوری	قادیان دارالامان	حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہاتھ پر بیعت کرنے اور سلسلہ احمدیہ میں داخل ہونے کے بعد صحابہ کرام کے اپنی زندگیوں میں عظیم الشان روحانی پاک تبدیلیاں پیدا کرنے ، دین کو دنیا پر مقدم کرنے ، عبادت کے قیام ، تعلق باللہ ، تقویٰ ، راستی ، صبر واستقامت، امانت و دیانت، للّٰہی محبت واخوت اور راہ مولا میں اپنا سب کچھ قربان کرنے کے نہایت درجہ ایمان افروز واقعات کا روح پرور بیان۔تم بھی اگر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت میں شامل ہونے کا دعویٰ کرتے ہو تو اپنے ان بزرگوں کے نقش قدم پر چلو۔	3رفروری	5
20رجنوری	مسجد بیت الفتوح	ماریشس اور قادیان، انڈیا کے دورہ کے حالات وواقعات، احباب جماعت کے اخلاص، محبت وفدائیت اور غیر مسلم شرفاء ومعززین کے حسن سلوک کا دلچسپ، ایمان افروز اور رُوح پرور تذکرہ جماعت تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے مخالفت کے باوجود دنیا میں ہر جگہ بڑھ رہی ہے لیکن جن حکومتوں نے بھی مُلّاؤں کی پشت پناہی کی ہے یا اُن سے مدد لی ہے اُن کے لئے ہمیشہ ابتلا ہی آیا ہے۔ ہم نے تو انشاء اللہ تعالیٰ دنیا کے ہر کونے میں، ہر ملک میں ان زیادتی کرنے والوں کو معاف کرتے رہنا ہے اور یہ معافی ہم کسی کمزوری کی وجہ سے نہیں کرتے بلکہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اسلام کی جو صحیح تعلیم ہمیں دی ہے اس پر عمل کرتے ہوئے کرتے ہیں۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے سامنے جو اُسوہ رکھا ہے اس کے مطابق کرتے ہیں۔یاد رکھیں کہ خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کے حضور کی گئی دعائیں ہی ہیں جو ربوہ کے راستے بھی کھولیں گی اور قادیان کے راستے بھی کھولیں گی اور مدینہ اور مکّہ کے راستے بھی کھولیں گی۔انشاء اللہ تعالیٰ۔اپنی عبادتوں کو ہمیشہ زندہ رکھیں اور اللہ تعالیٰ کے حضور اتنا گڑگڑائیں کہ اللہ تعالیٰ اپنی خاص رحمت فرماتے ہوئے ہماری کامیابی کی منزلیں نزدیک تر کردے۔	10رفروری	6
27رجنوری	مسجد بیت الفتوح	جب قہر الٰہی نازل ہوتا ہے تو بدوں کے ساتھ نیک بھی لپیٹے جاتے ہیں اور پھر ان کا حشر اپنے اپنے اعمال کے مطابق ہوگا۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی آمد اور جماعت کے قیام کے بعد زلازل اور طوفانوں اور آفات ارضی وسماوی کی کثرت پیشگوئیوں کے عین مطابق ہے۔یہ زلازل اور طوفان اور سیلاب اللہ تعالیٰ کی طرف سے تنبیہ اور وارننگ کے طور پر ہیں۔اگر تم اپنے پیدا کرنے والے کو نہیں پہچانو گے اور زمین میں ظلم اور فساد بند نہیں کرو گے تو ایسی آفات بطور سزا پہلے بھی آتی رہی ہیں آئندہ بھی آئیں گی۔	17رفروری	7
3رفروری	مسجد بیت الفتوح	قرآن مجید اور احادیث نبویہ میں مسیح موعودؑ کے زمانہ کی نشانیاں موجود ہیں۔جب یہ نشانیاں پوری ہو چکی ہیں تو سمجھ لینا چاہئے کہ یہ مسیح موعود کا زمانہ ہی ہے۔ایک وقت تک تمام علماء اس بات پر متفق تھے کہ مسیح ومہدی کا ظہور چودھویں صدی میں ہوگا۔	24رفروری	8

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
10/فروری	مسجد بیت الفتوح	آنحضرت ﷺ کے پیار، محبت اور رحمت کے اُسوہ سے دنیا کو آگاہ کرنا چاہئے۔ ہر ملک میں آنحضرت ﷺ کی سیرت کے پہلوؤں کو اجاگر کرنے اور اپنے اعمال کو درست کرنے کی ضرورت ہے۔ ڈنمارک میں انتہائی غلیظ، توہین آمیز اور مسلمانوں کے جذبات کو انگیخت کرنے والے کارٹونوں کی اشاعت کی پُر زور مذمّت اور اس کے خلاف اسلامی تعلیمات کے دائرہ میں رہتے ہوئے جماعت احمدیہ کے ردّ عمل اور اس کے مثبت اثرات کا تذکرہ۔ اس قسم کی حرکتوں سے ان لوگوں کے اسلام سے بغض اور تعصّب کا اظہار ہوتا ہے۔ اور ان گندے ذہن والوں کے ذہنوں کی غلاظت اور خدا سے دُوری نظر آجاتی ہے۔ جھنڈے جلانا، ہڑتالیں کرنا، توڑ پھوڑ کرنا یا فساد پھیلانا احتجاج کا صحیح طریق نہیں ہے۔ ہمیں اپنے رویّے اسلامی اقدار اور تعلیم کے مطابق ڈھالنے چاہئیں۔ ہمارا ردّ عمل ہمیشہ ایسا ہونا چاہئے جس سے آنحضرت ﷺ کی تعلیم اور اسوہ نکھر کر سامنے آئے۔ احمدیوں کو صحافت کا شعبہ اپنانے کی تحریک	03/مارچ	9
17/فروری	مسجد بیت الفتوح	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین پر مبنی حرکات پر اصرار اور انہیں تسلسل اور ڈھٹائی سے کرتے چلے جانا اللہ تعالیٰ کے غضب کو بھڑکانے کا موجب ہے۔ یہ زلزلے، یہ طوفان اور یہ آفتیں جو دنیا میں آرہی ہیں یہ صرف ایشیا کے لئے مخصوص نہیں ہیں۔ خدا کے مسیح نے یورپ کو بھی وارننگ دی ہوئی ہے اور امریکہ کو بھی وارننگ دی ہوئی ہے۔ اس لئے کچھ خوف خدا کرو اور خدا کی غیرت کو نہ للکارو۔ وہ خدا جو اپنی اور اپنے پیاروں کی غیرت رکھنے والا ہے وہ اپنی قہری تجلیات کے ساتھ آنے کی بھی طاقت رکھتا ہے۔ مسلمان ممالک اور مسلمان کہلانے والے بھی اپنے رویّے درست کریں۔ آنحضرت ﷺ کے مقام اور آپؐ کے حسن کو دنیا کے سامنے رکھیں۔ آج مسلمانوں کی بلکہ تمام دنیا کی صحیح سمت کا تعین کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے نبی ﷺ کے عاشق صادق کو بھیجا ہے۔ اس کو پہچانیں، اس کے پیچھے چلیں۔ اسلام کی شان و شوکت اور آنحضرت ﷺ کے تقدس کو مسیح و مہدی کی جماعت نے ہی قائم کرنا اور کروانا ہے۔ انشاءاللہ۔ احمدی اپنے اپنے حلقہ میں کھل کر ہر مذہب والے کو سمجھائیں کہ ہر مذہب کی تعلیم کے مطابق جس نے آنا تھا وہ آچکا ہے۔	10/مارچ	10
24/فروری	مسجد بیت الفتوح	آزادیٔ صحافت اور آزادیٔ ضمیر کے نام پر بعض مغربی ممالک اور اخبارات کی طرف سے مسلمانوں کے جذبات کو مجروح کرنے اور ظالمانہ رویّہ اختیار کرنے اور ان کے دوہرے اخلاقی معیاروں کا تذکرہ مغربی دنیا کی طرف سے مسلمانوں کے خلاف جرأتوں کا سبب خود مسلمانوں کی اندرونی حالت بھی ہے اور عالم اسلام اپنی ہی غلطیوں کی وجہ سے انتہائی خوفناک حالت سے دوچار ہے۔ آنحضرت ﷺ کی محبت کا تقاضا ہے کہ ہم اپنی دعاؤں میں اُمّت مسلمہ کو بہت جگہ دیں۔ آج ہر احمدی کی ذمہ داری ہے جس نے اس زمانہ کے امام کو پہچانا کہ آنحضرت ﷺ کی محبت کے جذبے کی وجہ سے بہت زیادہ دُرود پڑھیں۔ فضا میں اتنا دُرود و صدق دل کے ساتھ بکھیریں کہ فضا کا ہر ذرّہ دُرود سے مہک اٹھے اور ہماری تمام دعائیں اس دُرود کے وسیلے سے خدا تعالیٰ کے دربار میں پہنچ کر قبولیت کا درجہ پانے والی ہوں۔ (قرآن مجید، احادیث نبویہ اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے دُرود شریف کی اہمیت و برکات کا ذکر کرتے ہوئے بکثرت دُرود پڑھنے اور اُمّت مسلمہ کے لئے دعاؤں کی خصوصی تحریک)	17/مارچ	11

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
3/مارچ	مسجد بیت الفتوح	حضرت مسیح موعود علیہ السلام پر جہاد کو منسوخ کرنے، اسلامی احکامات کو تبدیل کرنے اور آنحضرت ﷺ کی تعلیمات اور آپؐ کے عہد کے خاتمہ کا الزام سراسر تہمت اور نہایت گھناؤنا الزام ہے۔ ہمارے دلوں میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے عشق رسول ﷺ ان لوگوں سے لاکھوں کروڑوں حصے زیادہ ہے جو ہم پر اس قسم کے اتہام اور الزام لگاتے ہیں۔ ڈنمارک کے اخبار میں آنحضرت ﷺ کی توہین پر مبنی کارٹونوں کی اشاعت کے حوالہ سے روزنامہ جنگ میں جماعت احمدیہ کے خلاف سراسر جھوٹی اور خلاف حقیقت خبر کی اشاعت محض شرارت اور شرانگیزی ہے۔ ایسی جھوٹی خبر پھیلانے والے کے متعلق مَیں یہی کہتا ہوں کہ لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ۔ اللہ تعالیٰ اب ان بدفطرتوں کو عبرت کا نشان بنادے۔	24/مارچ	12
10/مارچ	مسجد بیت الفتوح	آج کل کی جہادی تنظیموں نے بغیر جائز وجوہات کے اور جائز اختیارات کے اپنے جنگجوانہ نعروں اور عمل سے غیر مذہب والوں کو یہ موقع دیا ہے کہ انہوں نے نہایت ڈھٹائی اور بے شرمی سے آنحضرت ﷺ کی پاک ذات پر بیہودہ حملے کئے ہیں۔ آنحضرت ﷺ مجسم رحم تھے اور آپ کے سینے میں وہ دل دھڑک رہا تھا کہ جس سے بڑھ کر کوئی دل رحم کے وہ اعلیٰ معیار اور تقاضے پورے نہیں کرسکتا جو آپؐ نے کئے۔ (آنحضرت ﷺ کی پاکیزہ سیرت سے آزادیٔ ضمیر، آزادیٔ مذہب اور مذہبی رواداری کے نہایت خوبصورت واقعات کا دلنشیں تذکرہ)	31/مارچ	13
17/مارچ	مسجد بیت الفتوح	مسلمانوں کی بدقسمتی ہے کہ اپنے مسائل خود حل کرنے کی بجائے ان مغربی ممالک کے مرہون منت ہیں جو انہیں مزید اپنے شکنجہ میں جکڑتے چلے جارہے ہیں۔ اگر مسلم اُمّہ تقویٰ پر چلے تو پھر اس پر اللہ تعالیٰ کے وعدوں کے مطابق رحم ہوگا اور آئے دن کی زیادتیوں اور ظلموں سے ان کی جان بچے گی۔ اس تقویٰ کے حصول کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس زمانے کے امام کو مان لیں عرب دنیا میں عیسائیت نے بھرپور حملہ کیا ہوا ہے۔ صرف جماعت احمدیہ ہے جو اُن کے اعتراضات کے جواب دے رہی ہے۔ احمدیوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ مسلمانوں کو سمجھائیں بھی اور ان کے لئے دعا بھی کریں کیونکہ اُمّت اس وقت بہت بڑی مشکل میں گرفتار ہے۔ (عالم اسلام کے بگڑتے ہوئے نہایت ہی خوفناک اور دردناک حالات پر گہرے دُکھ اور کرب کا اظہار اور دعاؤں کی خاص تحریک)	07/اپریل	14
24/مارچ	مسجد بیت الفتوح	نظام خلافت کے بعد نظام شوریٰ کا ایک تقدس ہے۔ اس لئے بظاہر سمجھدار اور نیک لوگ جو عبادت کرنے والے اور تقویٰ پر قدم مارنے والے ہوں ان کو منتخب کرنا چاہئے۔ جب مجلس شوریٰ کسی رائے پر پہنچ جاتی ہے اور خلیفۂ وقت سے منظوری حاصل کرنے کے بعد اس فیصلے کو جماعتوں میں عملدرآمد کرنے کے لئے بھجوادیا جاتا ہے تو یہ نمائندگان کا بھی فرض ہے کہ اس بات کی نگرانی کریں کہ اس فیصلے پر عمل ہورہا ہے یا نہیں ہورہا۔ خلیفۂ وقت کی منظوری کے بعد جب کوئی فیصلہ جماعتوں کو عملدرآمد کے لئے بھجوادیا جاتا ہے تو امانت کا حق اور تقدس کا تقاضا یہ ہے کہ خلیفۂ وقت کا دست و بازو بن کر اس پر عملدرآمد میں جُت جائیں۔ نہ سستیاں دکھائیں اور نہ توجیہیں نکالنے کی کوشش کریں۔ یاد رکھیں کہ ہوشیاری، چالاکی یا علم سے نہ احمدیت کا غلبہ ہونا ہے، نہ کوئی انقلاب آنا ہے اگر دنیا میں کوئی تبدیلی پیدا ہونی ہے تو وہ دعاؤں سے اور تقویٰ پر قدم مارتے ہوئے ہونی ہے۔ (مجلس مشاورت کے حوالہ سے نمائندگان، عہدیداران اور افرادِ جماعت کو نہایت اہم تاکیدی نصائح)	14/اپریل	15

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
16	21/اپریل	اپنی اصلاح کے لئے اور اپنے نفس کو پاک کرنے کے لئے مالی قربانی بھی ایک انتہائی ضروری چیز ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ماننے والوں میں سے ایک بہت بڑی تعداد ہے جو مالی قربانیاں کرنا جانتی ہے اور ان نمونوں کو قائم کرنے والی ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر چلتے ہوئے صحابہ نے کئے۔ اگر بعض آدمی مجبوریوں کی وجہ سے شرح کے مطابق چندہ نہیں دے سکتے تو رعایت لے لیں۔ بجٹ بہرحال صحیح آمد پر بننا چاہئے۔ نومبائعین کو مالی نظام میں شامل کریں۔ جن پر زکوٰۃ واجب ہے ان کو ضرور ادا کرنی چاہئے۔ مال ہمیشہ جائز ذریعہ سے کماؤ کیونکہ اللہ تعالیٰ کو اچھا مال تبھی پیش کر سکتے ہو جب جائز ذریعہ سے کمایا ہو۔ اپنی اپنی گنجائش اور کشائش کے لحاظ سے ہر احمدی کا مالی جہاد میں شامل ہونا ضروری ہے۔	مسجد بیت الفتوح	31/مارچ
17	28/اپریل	ہمارا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو ماننا اسی صورت میں فائدہ دے گا جب ہم اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرتے ہوئے اپنے پیدا کرنے والے خدا کے آگے جھکنے والے بنیں گے۔ ہر وقت دل میں یہ احساس رکھنا چاہئے کہ ہم اس شخص کی جماعت میں شمار ہوتے ہیں جو آنحضرت ﷺ کی پیشگوئی کے مطابق بندے کو خدا کے قریب کرنے کا ذریعہ بن کر آیا تھا۔ جس طرح گزشتہ قربانیوں کو پھل لگے ہیں آج کی قربانیوں کو بھی انشاء اللہ تعالیٰ پھل لگیں گے۔ آج بھی دنیائے احمدیت میں قربانیوں کی روح قائم ہے اور اللہ تعالیٰ ان قربانیوں کو انشاء اللہ کبھی ضائع نہیں کرے گا۔ ہر انڈونیشین احمدی اس بات کا گواہ ہے کہ ابتلاء اور امتحان ان کے جذبۂ ایمان میں کوئی لغزش نہیں لا سکے۔ آپ اکیلے نہیں، ساری دنیا کی جماعت احمدیہ کی دعائیں آپ کے ساتھ ہیں۔ یہ ابتلا جو آیا ہے یہ جماعت کی ترقی کے لئے آیا ہے۔	مسجد طہٰ سنگاپور	07/اپریل
18	05/مئی	نماز کو خوب سنوار سنوار کر پڑھنا چاہئے۔ نماز ساری ترقیوں کی جڑ اور زینہ ہے۔ وحدت ہمارے اندر اس وقت تک قائم رہے گی جب تک ہم اپنی باجماعت نمازوں کا اہتمام کرتے چلے جائیں گے۔ اپنی عبادتوں اور اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرنے کے عمل کو پہلے سے بڑھ کر ادا کرنے کی کوشش کریں تا کہ اپنے ساتھ انسانیت کی تکلیفوں کو بھی دور کرنے کا باعث بن سکیں۔ اس بات کا جائزہ لیں کہ سو فیصد جماعتی عہدیداران نظام وصیت میں شامل ہوں۔ چاہے وہ مرکزی عہدیداران ہوں یا مرکزی ذیلی تنظیموں کے عہدیداران ہوں یا مقامی جماعتوں کے عہدیداران ہوں یا مقامی ذیلی تنظیموں کے عہدیداران ہوں۔	مسجد بیت الہدیٰ سڈنی (آسٹریلیا)	14/اپریل
19	12/مئی	اخلاقی معجزات اور نیکیوں کے اعلیٰ معیار تبلیغ کے میدان بھی ہمارے لئے کھولیں گے اور اگلی نسلوں کی تربیت کے بھی سامان پیدا کریں گے۔ ہر احمدی کو، ہر بڑے کو، ہر عہدیدار کو، ہر ذمہ دار کو اپنی اصلاح کی طرف توجہ دینی چاہئے تبھی محبت اور بھائی چارے کی فضا قائم ہوگی اور تبھی جماعت کی ترقی کے سامان پہلے سے بڑھ کر پیدا ہوں گے۔ صرف روایتی بکسٹال یا عشرہ تبلیغ منانے سے مقصد حاصل نہیں ہو سکتے۔ اس کے لئے مزید بھی پلاننگ کرنی ہوگی۔ احباب جماعت کو اعلیٰ اخلاقی نمونے دکھانے، باہم محبت و پیار سے رہنے، تبلیغ و تربیت اور اطاعت نظام کا پابند بننے کی نہایت اہم تاکیدی نصائح۔	مسجد بیت الہدیٰ سڈنی (آسٹریلیا)	21/اپریل

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
20	19/مئی	خلافت کے نظام کی برکت سے آپ تبھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں جب حقیقی معنوں میں مکمل طور پر رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کرنے والے ہوں گے اور آپؐ کے عاشق صادق کی تعلیم پر بھی عمل کرنے والے ہوں گے۔حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی، نمازوں کے قیام، مالی قربانی، اطاعت نظام اور باہمی محبت واخوت کو لازم پکڑنے کی تاکیدی نصائح۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تبلیغ اور آپؑ کا پیغام پہلے قادیان سے دنیا کے کناروں تک اور اب دنیا کے کنارے سے پھر تمام دنیا میں پھیل رہا ہے۔(زمین کے کنارے فجی آئی لینڈ سے پہلی بار حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا فرمودہ خطبہ جمعہ ایم ٹی اے کے مواصلاتی رابطوں کے ذریعہ تمام دنیا میں براہ راست نشر ہوا۔جماعت احمدیہ فجی کی تاریخ کا ایک نہایت اہم سنگ میل۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے کئے گئے الٰہی وعدوں کے ایک اور عظیم الشان رنگ میں ایفاء کا روح پرور نظارہ)	صووا۔جزائر فجی	28/اپریل
21	26/مئی	اللہ تعالیٰ کا ذکر ایسی شے ہے جو قلوب کو اطمینان عطا کرتا۔احمدی ہونے کے بعد اپنے نیک نمونے قائم کرنا اور احمدیت کے پیغام کو پہنچانا ہر احمدی کا فرض ہے۔تبلیغ کے لئے مختلف جگہوں پر جا کر جائزہ لیں۔چھوٹی جگہوں پر پیغام پہنچانے اور قبولیت کے امکانات عموماً زیادہ ہوتے ہیں ایمان میں مضبوطی تب ہی پیدا ہوتی ہے جب اللہ تعالیٰ سے تعلق قائم ہو۔اور پھر یہ ہے کہ اپنے دینی علم میں اضافہ کرنے کی کوشش ہو۔عورتوں کو بھی دینی علم سیکھنے کی طرف بہت توجہ دینی چاہئے۔	بیت المقیت آک لینڈ نیوزی لینڈ	5/مئی
22	02/جون	پاکستان سے آنے والے احمدیوں کو ہر وقت یہ پیش نظر رکھنا چاہئے کہ وہ یہاں اسلام اور احمدیت کے نمائندہ ہیں۔اگر ہر ایک حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اس خواہش کو سامنے رکھے کہ اس قوم تک اسلام کا پیغام پہنچانا ہے تو یقیناً یہاں احمدیت کے پھیلنے کے امکانات ہیں۔ احمدی ہونے کے بعد دعاؤں سے بے رغبتی اور نمازوں سے لاپرواہی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعاؤں کا وارث نہیں بنا سکتی۔اپنے نفس کو پاک کرنے کے لئے، اپنی نسلوں کی بقا کے لئے نمازوں کے ساتھ مالی قربانی کرنے کا بھی حکم ہے نمازیں بھی اور دوسری نیکیاں بھی تب ہی فائدہ دیتی ہیں جب وہ خدا تعالیٰ کی رضا کی خاطر اور اس کے تمام حکموں پر چلتے ہوئے کی جائیں۔ڈاکٹر مجیب الرحمٰن پاشا صاحب شہید سانگھڑ اور صاحبزادی محمودہ بیگم صاحبہ کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔ (سرزمین جاپان سے حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطبہ کی پہلی بار ایم ٹی اے کے مواصلاتی رابطہ کے ذریعہ دنیا بھر میں براہ راست نشریات)	ناگویا۔جاپان	12/مئی
23	09/جون	اس سفر میں بھی ہمیشہ کی طرح ہر قدم پر اللہ تعالیٰ نے اپنی تائیدات کے نظارے دکھائے اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے کئے گئے وعدے پورے ہوتے نظر آئے۔ہر ملک میں جماعت کے تربیتی امور کے علاوہ اہم شخصیات تک مؤثر رنگ میں اسلام کا پُر امن پیغام پہنچانے کے مواقع عطا ہوئے۔ آج اگر دلائل اور براہین سے کسی بھی دوسرے مذہب پر اسلام کی فوقیت ثابت کرنی ہے تو وہ آنحضرت ﷺ کے غلام صادق کی پیروی میں ہی ہو سکتی ہے جس نے جرأت کے ساتھ اسلام کی خوبیوں کو دنیا کے سامنے پیش کیا۔سنگاپور، آسٹریلیا، فجی، نیوزی لینڈ اور جاپان کے نہایت کامیاب و بابرکت دورہ سے واپسی پر مسجد بیت الفتوح میں خطبہ جمعہ میں ان ممالک اور دیگر ہمسایہ ممالک سے آنے والے احمدیوں کے اخلاص اور وفا اور خلافت سے وابستگی کا ایمان افروز تذکرہ	مسجد بیت الفتوح	19/مئی

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
26/مئی	مسجد بیت الفتوح	جماعتی نظام کو بھی اور ذیلی تنظیموں کے نظام کو بھی یہ کوشش کرنی چاہئے کہ حسد، بدگمانی، بدظنی اور دوسرے پر عیب لگانے اور جھوٹ ایسی برائیوں کو ختم کرنے کے لئے مہم چلائی جائے۔ اگر معاشرے سے گند ختم کرنا چاہتے ہیں، اگر اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو جذب کرنا چاہتے ہیں تو یہ تمام برائیاں ایسی ہیں کہ ان کو اپنے دلوں سے نکالیں۔ ہر احمدی کو چاہئے کہ جب بھی کوئی نصیحت سنے یا خلیفۂ وقت کی طرف سے کسی معاملے میں توجہ دلائی جائے تو سب سے پہلا مخاطب اپنے آپ کو سمجھے۔	16/جون	24
02/جون	مسجد بیت الفتوح	آج ہر طرف سے مختلف طریقوں سے، دجل سے کام لے کر بھی اور طاقت کے استعمال سے بھی مسلمانوں کو ذلیل و رسوا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ یہ زمانہ تقاضا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی مدد آئے اور وہ اُس کی سنت کے مطابق اس کے خاص بندوں کے آنے سے ہی ہوتی ہے۔ اگر مسلمانوں کی موجودہ حالت کا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے انکار سے کوئی تعلق نہیں ہے تو پھر ہمیں کوئی یہ دکھائے کہ اللہ تعالیٰ کی نصرت کا وعدہ کہاں ہے؟ بجائے اس کے کہ مسلمان ممالک مسیح محمدی کی مخالفت میں کھڑے ہو کر اس کے ماننے والوں پر ظلم ڈھائیں، اس کے ہاتھ مضبوط کریں تا کہ اسلام کو غلبہ حاصل ہو۔ ہر احمدی کو چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی مدد کو مزید حاصل کرنے کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے پیغام کو پہلے سے بڑھ کر دنیا کو پہنچانے کی کوشش کرے۔ دنیا کو بتائیں کہ اگر زمانے کے امام کو نہیں مانو گے تو اس دنیا میں بھی اللہ تعالیٰ کی مدد سے محروم رہو گے اور اگلے جہان میں بھی۔	23/جون	25
9/جون	مئی مارکیٹ منہائیم جرمنی	حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت سے جڑے رہنے اور خلافت سے وابستہ رہنے کے لئے اطاعت کے وہ معیار قائم کرنے کی ضرورت ہے جو اعلیٰ درجہ کے ہوں۔ جو نظام حضرت مسیح موعودؑ کی جماعت میں نظام خلافت کے قائم کرنے سے قائم ہوا ہے اس کی بھی اطاعت کرو۔ امراء اور مرکزی عہدیداران اگر چاہتے ہیں کہ جماعت کے تعاون اور اطاعت کے معیار بڑھیں تو خود خلیفۂ وقت کے فیصلوں کی تعمیل اس طرح کریں جس طرح دل کی دھڑکن کے ساتھ نبض چلتی ہے۔ ہر عہدیدار اپنے سے بالا عہدیدار کی اطاعت کرے۔ ہر احمدی ہر عہدیدار کی اطاعت کرے۔ مربّیان کی بہت بڑی ذمہ داری ہے کہ جماعت میں اطاعت کی روح پیدا کریں۔	30/جون	26
16/جون	بیت السبوح۔ فرینکفورٹ جرمنی	جماعت احمدیہ جرمنی کو مساجد کی تعمیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے اور ہر سال کم سے کم پانچ مساجد تعمیر کرنے کی تحریک۔ جرمنی انشاء اللہ تعالیٰ یورپ کا پہلا ملک ہوگا جہاں کے سو شہروں یا قصبوں میں ہماری مساجد کے روشن مینار نظر آئیں گے اور جس کے ذریعہ سے اللہ کا نام اس علاقے کی فضاؤں میں گونجے گا۔ اپنی حالتوں کو درست کرنے کے بعد، اپنی عبادتوں کے معیار بلند کرنے کے بعد، اپنی مسجدوں کو پیار و محبت کا نشان بنانے کے بعد، جس سے اللہ تعالیٰ کی توحید کے پیغام کے ساتھ پیار و محبت کا پیغام ہر طرف پھیلانے کا نعرہ بلند ہو، احمدیت یعنی حقیقی اسلام کے پیغام کو اپنے علاقے کے ہر شخص تک پہنچا دیں۔ یہی پیغام ہے جس سے دنیا کا امن اور سکون وابستہ ہے۔	07/جولائی	27

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
23؍جون	مسجد بیت الفتوح لندن	اللہ تعالیٰ اپنے انبیاء کی نصرت ہر موقع پر فرما کر ان کے خوف کی حالت کو امن میں بدل دیتا ہے اور اپنی تائیدات کے نظارے دکھاتا ہے۔ان نظاروں کی انتہا اور معراج آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات میں ہم پورا ہوتے دیکھتے ہیں۔آنحضرت ﷺ کی حیات طیبہ سے نہایت پُرخطر مواقع پر اللہ تعالیٰ کی تائید ونصرت وحفاظت کے غیر معمولی واقعات کا روح پرور بیان۔اس زمانے میں آنحضرت ﷺ کے عاشق وغلام صادق حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ساتھ بھی اللہ تعالیٰ نے نصرت کے وعدے فرمائے ہیں خدا کرے کہ ہم ان کو اپنی زندگیوں میں پورا ہوتے بھی دیکھیں اور ہماری زندگیوں کا وہ حصّہ بھی بنیں۔	14؍جولائی	28
30؍جون	مسجد بیت الفتوح	اللہ تعالیٰ کا حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے ہر قدم پر تائید ونصرت کا سلوک اس سچے عشق کی وجہ سے ہے جو آپؑ کو آنحضرت ﷺ کی ذات سے تھا۔اللہ تعالیٰ کا آپ کی جماعت کے ساتھ بھی اپنی نصرت دکھانے کا وعدہ ہے اور جب تک ہم آنحضرت ﷺ کی پیروی کرتے رہیں گے اور آپ کے ساتھ سچے تعلق اور عشق کو قائم رکھیں گے اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ان برکات سے ہمیشہ فیض پہنچاتا رہے گا اور اپنی نصرت کے دروازے ہم پر کھولے گا۔حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ کی تائید ونصرت کے غیر معمولی سلوک کے بعض ایمان افروز واقعات کا دلربا تذکرہ۔ دنیا کو بتائیں کہ اب اسلام کی ترقی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ جڑنے سے ہی وابستہ ہے۔UK میں آلٹن کے مقام پر جلسہ کے لئے خریدی گئی نئی جگہ کا نام ’’حدیقۃ المہدی‘‘ ہوگا۔	21؍جولائی	29
7؍جولائی	مسجد بیت الفتوح	اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تائید ونصرت میں ظاہر ہونے والے نشانات کا ایمان افروز تذکرہ۔آپ کے خلاف مختلف فوجداری مقدمات میں مخالفین کی ناکامی و نامرادی اور آپؑ کی باعزت بریّت اور دشمنوں کی ذلّت۔	28؍جولائی	30 31
14؍جولائی	مسجد بیت الفتوح	حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی نصرت وتائید کے وعدوں کا فیض آپ کی جماعت کے مخلص ووفادار افراد جماعت میں آج بھی جاری ہے۔اللہ تعالیٰ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت میں ہمیشہ اخلاص ووفا میں بڑھے ہوئے ایسے لوگ پیدا کرتا رہے جن کی زندگیوں میں ہمیں اللہ تعالیٰ کی تائید ونصرت کے نظارے نظر آتے رہیں۔مختلف افراد جماعت کے ساتھ نصرت الٰہی کے ایمان افروز واقعات کا روح پرور بیان۔	28؍جولائی	
21؍جولائی	مسجد بیت الفتوح	جلسہ کے دنوں میں باوجود ڈیوٹیوں کے بوجھ کے اور باوجود ناقابل برداشت چیزوں کا سامنا کرنے کے ہمیشہ مسکراتے رہنے کی کوشش کریں۔عمومی طور پر سب مہمانوں سے ایک جیسا سلوک ہونا چاہئے۔ان دنوں میں جہاں آنے والوں کو نصیحت کرتا ہوں کہ وہ بھی دعاؤں میں وقت گزاریں وہاں کارکنان کو بھی اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ اپنے اس خدا کو نہ بھولیں جو ہمیشہ ہماری مدد فرماتا رہا ہے۔ عزت مآب ڈاکٹر احمد تیجان کاباصاحب صدر مملکت سیرالیون کی بیت الفتوح میں آمد اور نماز جمعہ کی ادائیگی۔(آنحضرت ﷺ کے اسوۂ حسنہ اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات ونمونہ کے حوالہ سے جلسہ پر آنے والے مہمانوں کی خدمت کو احسن طور پر انجام دینے کے لئے کارکنان جلسہ کو نہایت اہم نصائح۔)	11؍اگست	32

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
33	18/اگست	ہمیشہ یاد رکھیں کہ ہم یہاں اسلام سیکھنے اور اسے اپنی زندگیوں کا حصہ بنانے کے عہد کی تجدید کرنے کے لئے آئے ہیں۔ حدیقۃ المہدی میں ہمارا یہ پہلا جلسہ ہے۔ اس علاقہ کے بہت سے لوگوں کی نظریں آپ پر ہیں۔ پس اپنے اعلیٰ اخلاق سے ان لوگوں کے دلوں میں اپنے لئے، جماعت کے لئے اور اسلام کے لئے پیار اور محبت کے جذبات پیدا کردیں۔ ان دنوں کو بالخصوص ذکر الٰہی اور درود شریف پڑھتے ہوئے گزاریں۔ آج اُمّت مسلمہ پر مخالفین اسلام طاقتوں کی طرف سے ظالمانہ کارروائیاں کی جارہی ہیں۔ ان کا مداوا آپ کی دعاؤں نے ہی کرنا ہے۔ اس لحاظ سے بھی بہت دعائیں کریں۔ اللہ ہم میں سے ہر ایک میں یہ روح پیدا کردے کہ حقیقت میں ہم نے مسیح ومہدی کے خوبصورت باغ کا خوبصورت، خوشبودار اور خوش رنگ پھول اور پھل بننا ہے۔ (حدیقۃ المہدی میں منعقد ہونے والے پہلے جلسہ سالانہ کے موقع پر میزبانوں اور خصوصیت سے مہمانوں کے لئے نہایت اہم زریں نصائح)	حدیقۃ المہدی۔ ہمپشائر برطانیہ	28/جولائی
34	25/اگست	اللہ تعالیٰ کے جماعت احمدیہ پر اتنے غیر معمولی انعامات اور افضال نازل ہو رہے ہیں کہ جن کا شمار ممکن نہیں۔ ان نعمتوں کو حاصل کرنے کے لئے شکر گزاری میں بڑھتے ہوئے ہر احمدی کو دعاؤں کی طرف بہت توجہ دینی چاہئے۔ (اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں سے معمور جلسہ سالانہ U.K کے نہایت کامیاب و بابرکت انعقاد پر احباب جماعت کو شکر گزاری کے مضمون کو اپنانے کی تاکیدی نصیحت)	مسجد بیت الفتوح	4/اگست
35	یکم ستمبر	آج امت مسلمہ جس دور سے گزر رہی ہے اور مسلمان ممالک جن پریشانیوں میں مبتلا ہیں اس کا حل سوائے دعا کے اور کچھ نہیں اور دعا کے اس محفوظ قلعہ میں آج احمدی کے سوا اور کوئی نہیں پس امت مسلمہ کے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ انہیں اندرونی اور بیرونی فتنوں سے نجات دے۔ اللہ تعالیٰ اس دنیا سے ظلم ختم کرے اور انسان اپنے پیدا کرنے والے خدا کی طرف رجوع کرے اپنے لئے بھی اور جماعت کے لئے بھی بہت دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ احمدیت کے مخالفین اور دشمنوں کو ناکام ونامراد کرے۔ (قرآن مجید اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے دعا کی اہمیت اور اس کی تاثیرات و برکات کا ذکر اور دعاؤں کی خصوصی تحریک	مسجد بیت الفتوح	11/اگست
36	8/ستمبر	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تعلق باللہ اور آپ کی دعاؤں کی قبولیت کا دشمن کو بھی یقین تھا لیکن اپنی اَناؤں اور ضدوں کی وجہ سے ایمان نہیں لاتے تھے۔ آپؐ کی دعاؤں کا اثر تاقیامت آپ کی سچی پیروی کرنے والوں کو پہنچتا رہے گا اور آپ کی دعاؤں سے وہ حصّہ لیتے رہیں گے۔ ہمیں جتنی دعاؤں کی طرف توجہ پیدا ہوگی اتنی زیادہ اور اتنی جلدی ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤں سے حصّہ لیتے چلے جائیں گے، ان برکات کے وارث بنتے چلے جائیں گے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی پیروی کرنے والوں کا حصّہ ہیں۔ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤں کی قبولیت کے واقعات کا نہایت ایمان افروز اور روح پرور تذکرہ)	مسجد بیت الفتوح	18/اگست
37	15/ستمبر	اس زمانے میں حضرت مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام نے اپنے آقا ومطاع حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی میں ہمیں دعائیں کرنے کے طریقے اور سلیقے سکھلائے اور اپنی دعاؤں کی قبولیت کے نشان دکھا	مسجد بیت الفتوح	25/اگست

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		کراللہ تعالیٰ کی ہستی پر یقین کامل اور ایمان کامل پیدا فرمایا۔ (حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی قبولیت دعا کے بعض ایمان افروز واقعات کا دلنشین تذکرہ)	15/ستمبر	37
یکم ستمبر	مسجد بیت الفتوح	مکرم مرزا عبدالحق صاحب، مکرم مولانا جلال الدین صاحب قمر، مکرمہ صاحبزادی امۃ الباسط صاحبہ اور مکرم ماسٹر منور احمد صاحب شہید گجرات کا ذکر خیر اور ان کے لئے دعاؤں کی تحریک۔ قرآن مجید و احادیث نبویہ کے حوالہ سے وفات یافتگان کے تعلق میں مختلف امور کا تذکرہ۔ جماعت احمدیہ امریکہ کے جلسہ سالانہ کے موقع پر خصوصی پیغام میں دعاؤں اور نمازوں پر بہت زور دینے کی تاکیدی نصیحت	22/ستمبر	38
8/ستمبر	مسجد بیت الفتوح	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ اور صحابہ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی دعاؤں کی قبولیت کے نہایت ایمان افروز واقعات کا روح پرور بیان آج روئے زمین پر پھیلے ہوئے ہر احمدی کو دعاؤں کے ذریعہ سے، اپنی عبادتوں کے ذریعہ سے خدا تعالیٰ سے زندہ تعلق جوڑ کر ان برگزیدوں میں شامل ہونے کی کوشش کرنی چاہئے جو روشن ستاروں کی طرح آسمان پر چمک رہے ہیں۔ (محترمہ صاحبزادی امۃ الباسط صاحبہ مرحومہ کی علمی خدمات کا تذکرہ اور ان کے لئے دعا کی تحریک)	29/ستمبر	39
15/ستمبر	مسجد بیت الفتوح	پوپ نے بعض ایسی باتیں کہہ کر، جن کا اسلام سے دُور کا بھی واسطہ نہیں ہے، قرآن کریم، اسلام اور بانیٔ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے بارہ میں غلط تاثر پیدا کرنے کی کوشش کی ہے۔ اِس سے اُن کے اسلام کے خلاف اپنے دلی جذبات کا بھی اظہار ہوتا ہے۔ (جرمنی میں ایک یونیورسٹی میں لیکچر کے دوران پوپ کے اسلام کے خلاف معترضانہ بیان پر جامع اور بھرپور تبصرہ) اسلام کے خلاف پھر محاذ کھڑے ہو رہے ہیں اس سے ہم کامیابی سے صرف خدا کے حضور جھکتے ہوئے اور اس سے مدد طلب کرتے ہوئے گزر سکتے ہیں۔ پس خدا کو پہلے سے بڑھ کر پکاریں کہ وہ اپنی قدرت کے جلوے دکھائے۔ جھوٹے خداؤں سے اس دنیا کو نجات ملے۔ مسلمان ملکوں کو بھی سوچنا چاہئے کہ اپنے فروعی اختلافات کو ختم کریں۔ آپس کی لڑائیوں اور دشمنیوں کو ختم کریں۔ ایک ہو کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کو بلند کرنے کی کوشش کریں۔ اور ایسے عمل سے باز آجائیں جن سے غیروں کو ان پر انگلی اٹھانے کی جرأت ہو۔ (بعض مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب پڑھانے کا اعلان)	06/اکتوبر	40
22/ستمبر	مسجد بیت الفتوح	ضروری ہے کہ ہماری توجہ ہمیشہ دعا کی طرف رہے۔ اب بھی اللہ تعالیٰ جماعت کے لوگوں کی دعا قبول کرتا ہے۔ صرف ایک سچی کشش کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف بڑھنے کی ضرورت ہے۔ دُعا کی فلاسفی اور مختلف قرآنی دعاؤں کا تذکرہ دعاؤں کی قبولیت کے جو لوازمات ہیں ان کو پورا کرنے والے بنیں گے تو انشاء اللہ، اللہ کے وعدے کے مطابق دعائیں قبول بھی ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ ہر ایک کو دعا کی قبولیت کے فلسفہ کو سمجھتے ہوئے اپنی دعاؤں کے معیار کو بلند کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (مکرم ہارون جالو صاحب مبلغ سیرالیون، مکرم عبدالسلام صاحب درویش قادیان، مکرم چوہدری محمد علی صاحب بھٹی، مکرم داؤد زمان صاحب آف کینیڈا، ان کی اہلیہ اور بیٹی کی نماز جنازہ غائب)	13/اکتوبر	41
29/ستمبر	مسجد بیت الفتوح	رمضان کے مہینے کی یہ بھی اہمیت ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ اپنے بندے پر پہلے سے بڑھ کر نظر رکھتا ہے اور اس کی دعاؤں کو قبول کرتا ہے۔ نمازوں کے قیام کی توفیق ملنے، مغفرت اور ثبات قدم کے عطا	20/اکتوبر	42

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
		ہونے اور دنیا وآخرت کی حسنات کے حصول اور آگ کے عذاب سے بچنے کے لئے مختلف قرآنی دعاؤں کا تذکرہ۔ اس رمضان میں ان دعاؤں کا صحیح ادراک حاصل کرتے ہوئے ہر ایک کو کوشش کرنی چاہئے کہ قیام نماز کا عادی بن جائے اور پھر اس کو اپنی نسلوں میں بھی اور دوسروں میں بھی پھیلانے والا ہو۔		
43	27/اکتوبر	دعا زبانی بک بک کا نام نہیں ہے بلکہ یہ وہ چیز ہے کہ دل خدا تعالیٰ کے خوف سے بھر جاتا ہے یہ مہینہ خاص بخشش اور قبولیت دعا کا مہینہ ہے۔ ان دنوں میں خاص طور پر ہر احمدی کو دعاؤں کی طرف بہت توجہ دینی چاہئے۔ پہلے ایمان لانے والوں کے لئے مغفرت اور ان کے لئے اپنے دلوں سے کینے دور ہونے، مخالفین کے شر سے بچنے اور ایسی حرکتوں سے بچنے کے لئے جو مخالفین اور کفار کو اسلام پر حملے کا موقع دیں، اسی طرح روحانی ترقی اور مغفرت الٰہی کے حصول کے لئے مختلف قرآنی دعاؤں کا تذکرہ	مسجد بیت الفتوح	6/اکتوبر
44	3/نومبر	اللہ تعالیٰ کے فرائض کی ادائیگی اور نمازوں کی طرف توجہ صرف عارضی اور رمضان کے دوران ہی نہ ہو بلکہ ہمیشہ ہماری زندگیوں کا حصہ بنی رہے۔ واقفین نو بچوں کے والدین کو خصوصاً اور ہر احمدی کو عموماً یہ دعا کرتے رہنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ انہیں ایسی اولاد سے نوازے جو حقیقت میں دین کی خادم بننے والی اور صالحین میں شمار ہو۔ خود بھی ماں باپ کی خدمت کریں اور بچوں کی بھی اس طرح تربیت کریں کہ وہ اپنی ماؤں کی خدمت کرنے والے ہوں۔ قرآن مجید، احادیث نبویہ اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے الہامات وارشادات میں مذکور بعض دعاؤں کا تذکرہ اور احباب جماعت کو ان دعاؤں کے کرنے کی تاکید۔)	مسجد بیت الفتوح	13/اکتوبر
45	10/نومبر	قرآن کریم اور احادیث میں جمعۃ الوداع کا کوئی تصور نہیں ملتا، ہاں جمعہ کی اہمیت ہے اور بہت اہمیت ہے۔ ہر احمدی کو ہمیشہ جمعہ کی اہمیت کو اپنے پیش نظر رکھنا چاہئے اور چھوٹے چھوٹے بہانے تراش کر یا تلاش کر کے اللہ تعالیٰ کے احکامات کی حکم عدولی نہیں کرنی چاہئے۔ جمعہ کے دن قبولیت دعا کی ایک خاص گھڑی آتی ہے، اس سے فائدہ اٹھانا چاہئے (قرآن کریم، احادیث نبویہؐ اور ارشادات حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے حوالہ سے جمعہ کی فرضیت و اہمیت اور اس سے متعلقہ امور کا بیان اور احباب جماعت کو اہم نصائح) گزشتہ خطبات میں جاری مضمون کے تسلسل میں قرآن مجید، احادیث نبویہؐ اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بعض دعاؤں کا تذکرہ۔	مسجد بیت الفتوح	20/اکتوبر
46	17/نومبر	آج کل جماعت احمدیہ کے خلاف بعض ملکوں میں مخالفت کی رو چلی ہوئی ہے اور اس میں تیزی آرہی ہے۔ ہوسکتا ہے کہ کچھ اور ممالک بھی اس کی لپیٹ میں آئیں۔ ان ابتلاؤں سے احمدیوں کو گھبرانا نہیں چاہئے۔ اس مخالفت نے ہمیشہ احمدیت کے لئے کھاد کا کام کیا ہے اور ہم وہاں پہلے سے بڑھ کر احمدیت کی ترقی کے نظارے دیکھتے ہیں (پاکستان، ہندوستان، بنگلہ دیش، انڈونیشیا اور سری لنکا میں جماعت کی مخالفت میں شدت اور احمدیوں کے ثبات قدم اور اخلاص ووفا کا تذکرہ) خدا جماعت احمدیہ کی حفاظت کے لئے کھڑا ہے۔ آج بھی وہ اپنے بندے اور اپنے مسیح کی جماعت کی دعاؤں کو سنتا ہے۔ آج بھی تم ایسے نظارے دیکھو گے کہ جو دشمن ان دعاؤں کی لپیٹ میں آئے گا اس کے ٹکڑے ہوا میں بکھرتے چلے جائیں گے۔	مسجد بیت الفتوح	27/اکتوبر

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
		ہر احمدی کا کام ہے کہ دعائیں کرتے ہوئے نہایت صبر و استقلال کے ساتھ ان امتحانوں سے گزر جائے۔آخری فتح ہماری ہے اور یقیناً ہماری ہے اور دنیا کی کوئی طاقت اس فتح کو روک نہیں سکتی۔یہ عارضی امتحان ہیں جو گزر جائیں گے۔اس امتحان کو دعاؤں کے ذریعہ ہلکا کرنے کی کوشش کرو۔ (قرآن مجید، احادیث نبویہ اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات اور الہامات میں مذکور بعض دعاؤں کا تذکرہ)		
47	24؍نومبر	احمدی جو مالی قربانی کرتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے حکم پر اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے کرتا ہے اور اس کا مال نیک ذرائع سے کمایا ہوا مال ہوتا ہے ۔ گزشتہ سال میں تحریک جدید میں مالی قربانی پیش کرنے کے لحاظ سے پاکستان نمبر ایک پر رہا امریکہ دوم اور برطانیہ تیسرے نمبر پر رہا۔تحریک جدید کے نئے مالی سال کا اعلان ۔ مالی قربانی کے علاوہ تحریک جدید کے دیگر مطالبات میں سے بعض کا تذکرہ اور جماعتوں کو حسب حالات ان کی طرف توجہ دینے کے لئے تاکیدی نصیحت تحریک جدید کے ابتدائی مبلغین اور البانیہ کے پہلے احمدی شہید شریف دوتسا صاحب کا ذکر خیر۔ برطانیہ کی مختلف جماعتوں کی تحریک جدید میں مالی قربانی کا قدرے تفصیلی جائزہ پاکستان کے احمدیوں کی عظیم الشان قربانیوں پر خراج تحسین اور اس راہ پر آگے بڑھتے چلے جانے کی نصیحت اللہ تعالیٰ کبھی یہ قربانیاں ضائع نہیں کرے گا۔انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب راستے کی ہر روک خس و خاشاک کی طرح اُڑ جائے گی۔لیکن اللہ تعالیٰ کے حضور اپنی قربانیوں کو دعاؤں میں سجا کر پیش کرتے رہیں۔	مسجد بیت الفتوح	3؍نومبر
48	یکم دسمبر	آج کل عائلی جھگڑوں کی شکایات پھر بہت زیادہ ہوگئی ہیں۔ ہر احمدی اپنا اور اپنے گھر کا جائزہ لے۔اگر ہمارے اپنے گھروں میں نرمی اور اعلیٰ اخلاق کے نظارے نظر نہیں آرہے تو ہم نے بھٹکے ہوئے لوگوں کو رستہ کیا دکھانا ہے۔خلافت کے فرائض میں سے انصاف کرنا اور انصاف کو قائم کرنا ایک بہت بڑا فرض ہے اس لئے جماعتی عہدیدار بھی اس ذمہ داری کو سمجھیں۔انصاف کے تمام تقاضوں کو پورا کرنا ان کا اولین فرض ہے۔ اگر کسی واقف نو کے والدین کا اخراج از نظام جماعت ہو تو اس کا بھی وقف ختم ہو جاتا ہے۔امیر جماعت اور سیکرٹریان وقف نو کا کام ہے کہ اس چیز کا خیال رکھیں۔معافی کی صورت میں ہر بچے کا انفرادی معاملہ علیحدہ خلیفۂ وقت کے سامنے پیش ہوگا۔عائلی جھگڑوں کی مختلف وجوہات کا ذکر کرتے ہوئے تقویٰ کو اختیار کرنے اور اعلیٰ اخلاق کو اپنانے کی تاکیدی نصائح	مسجد بیت الفتوح	10؍نومبر
49	8؍دسمبر	ربّ العالمین کے ماننے والے صرف اپنی بھلائی نہیں سوچتے بلکہ دوسروں کو بھی نقصان سے بچانے کی کوشش کرتے ہیں۔تمام دنیا میں لوگ اپنے خدا کو بھولتے جا رہے ہیں۔مسیح محمدی کے ماننے والوں کا کام ہے کہ اپنے ربّ کی صحیح پہچان کے ساتھ ان لوگوں کو بھی ربّ العالمین کی پہچان کروائیں۔ ہر احمدی کو اللہ تعالیٰ کی صفت ربّ پر غور کرتے ہوئے اپنے ربّ سے تعلق مضبوط تر کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔(اللہ تعالیٰ کی صفت ربّ کے مختلف پہلوؤں کا پُر معارف تذکرہ)	مسجد بیت الفتوح	17؍نومبر

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
24رنومبر	مسجد بیت الفتوح	اس زمانے میں جبکہ ہر ایک نے بہت سے ربّ بنائے ہوئے ہیں ہر احمدی کو چاہئے کہ ہمیشہ رَبُّنَا اللّٰہ کو اپنے ذہن میں دہراتا رہے۔خود مسلمانوں نے زمانے کے امام کا انکار کر کے اللہ تعالیٰ کی صفتِ ربوبیت کو محدود کر دیا ہے۔ایک مومن بندے کو چاہئے کہ وہ اس ذات کی طرف متوجہ ہو جس کے انعاموں اور احسانوں کا کوئی مقابلہ نہیں ہے۔اللہ تعالیٰ کے اس سلوک کی وجہ سے اس کے ایسے عبادت گزار بنیں اور اس کی ایسی عبادت کریں جو روح کے جوش سے ہو رہی ہو ایسی عبادت جس میں ایک کشش ہو۔اللہ تعالیٰ کی صفتِ ربُّ العالَمِین کے مختلف معانی کا پرمعارف تذکرہ	15ردسمبر	50
یکم دسمبر	مسجد بیت الفتوح	یاد رکھیں جب اس زمانے کے پکارنے والے اور مسیح و مہدی کی آواز کو سنا ہے تو تمام دوسرے ربّوں سے نجات حاصل کرتے ہوئے صرف اور صرف ربِّ محمد ﷺ جو ربُّ العالمین ہے، کے سامنے جھکنا ہوگا اور اس کی تسبیح کرتے ہوئے اور اس کی حمد کرتے ہوئے اپنی زندگیاں گزارنی ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کسی خاص قوم تک محدود نہیں اور نہ کسی خاص زمانہ تک اور نہ کسی خاص ملک تک بلکہ وہ سب قوموں کا ربّ ہے اور تمام مکانوں کا ربّ ہے اور تمام ملکوں کا وہی ربّ ہے۔ اسی سے تمام موجودات پرورش پاتی ہیں اور ہر ایک وجود کا وہی سہارا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے تمام انعاموں کی طرح صفت ربوبیت سے بھی سب سے بڑھ کر فیض پانے والے آنحضرت ﷺ ہیں۔ حضرت اقدس نبی اکرم محمد مصطفیٰ ﷺ کی پاکیزہ زندگی سے نہایت ایمان افروز واقعات کا تذکرہ جن میں اللہ تعالیٰ کی صفت ربوبیت کی شان خاص طور پر جھلکتی دکھائی دیتی ہے۔ اس زمانہ میں آپ ﷺ کے غلام صادق حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے وجود میں بھی اللہ تعالیٰ کی صفت ربوبیت کا فیض خاص طور پر ظاہر ہوا۔حضور علیہ السلام کی زندگی کے بعض واقعات کا روح پرور تذکرہ	22ردسمبر	51

خطابات، پیغامات، درس

خلفائے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ فرمودہ 21/اکتوبر 1956ء بر موقع سالانہ اجتماع لجنہ اماءاللہ)	ربوہ	اسلام میں عورت کا مقام اور مسلم خواتین کی قربانیاں۔	03/نومبر	44
خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ	2/ستمبر 1983ء بمقام مسجد احمدیہ ناصر آباد سندھ	بیت اللہ کی تعمیر نو اور اس کی آبادی کے لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت ہاجرہؑ اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی عظیم الشان قربانیاں	29/دسمبر	52

تعلیمی، تربیتی و علمی مضامین

مضمون نگار	عنوانات	تاریخ اشاعت	شمارہ
رفیق الرحمٰن انور	ماریشس (Mauritius)	6/جنوری	1
مضمون	کوئی قومی ترقی بغیر اولاد کی قربانی کے نہیں ہوسکتی۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرح اپنی اولادوں کو خدا کے لئے قربان کرنے کے لئے تیار ہوں۔ (عیدالاضحیہ میں پنہاں ایک عظیم الشان سبق)	13/جنوری	2
مقصود احمد علوی۔ جرمنی	چاند، ملاں اور عید	13/جنوری	2
چوہدری حمید اللہ صاحب ربوہ	خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی شکرانہ فنڈ	20/جنوری	3
چوہدری محمد ابراہیم۔ لندن	پاکستان میں جماعت احمدیہ کے بنیادی حقوق کی سلبی۔ (1984ء کے صدارتی آرڈیننس کے تناظر میں مقدمات کی بھرمار۔ ماہنامہ ''انصاراللہ'' ربوہ کے خلاف مقدمات (1985 تا 2003ء) کی مختصر داستان)		
سید ساجد احمد۔ امریکہ	دنیائے مذاہب۔ مسیح کی آمد ثانی اور مورمن فرقہ۔	20/جنوری	3
نصیر احمد قمر	اداریہ۔ آسمانی کشش	27/جنوری	4
محمد ذکریا ورک۔ کینیڈا	ارشاد مانجی کی "The Trouble with Islam" اسلام دشمنی، جھوٹ، افتراء، مسخ شدہ تاریخی واقعات، ذہنی پراگندگی، جہالت اور جاہلیت کا ایک غلیظ پلندہ		
اقبال احمد نجم	برازیل		
خالد سیف اللہ خان آسٹریلیا	دنیائے مذاہب۔ کیا بائبل کی تعلیم اس زمانہ میں بھی قابل عمل ہے؟	27/جنوری	4
عبدالباسط شاہد	اداریہ: آفتاب صبح نکلا اب بھی سوتے ہیں یہ لوگ	3/فروری	5
سہیل احمد ثاقب بسرا	صحابہ رسولؐ کی سادہ زندگی		
حضرت ڈاکٹر میر محمد اسمٰعیل صاحبؓ	دنیاوی مصائب	3/فروری	5
حبیب الرحمٰن زیروی	سوانح فضل عمر حصہ اول تا پنجم	10/فروری	6
عبدالباسط شاہد	اداریہ: احمدی ماں کو سلام	17/فروری	7
ناصر احمد محمود طاہر۔ مبلغ بینن	سوانح سیدنا مصلح موعود	17/فروری	7
عبدالباسط شاہد	اداریہ: اسلامی کردار۔ جوش پر ہوش کو مقدم رکھیں	24/فروری	8
حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ	اسلام اور قومی و بین الاقوامی سیاسی امن		
شیخ محمد اسمٰعیل صاحب پانی پتی	اردو ادیبوں کے دلچسپ لطائف		
خالد سیف اللہ خان	سچ دل و دماغ پر سہل اور جھوٹ بوجھل پایا گیا۔	24/فروری	8
عبدالباسط شاہد	اداریہ: خدمت دین کو اک فضل الٰہی جانو	03/مارچ	9
حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ	اسلام اور قومی و بین الاقوامی سیاسی امن (دوسری قسط)		
شیخ محمد اسمٰعیل صاحب پانی پتی	اردو ادیبوں کے دلچسپ لطائف۔ مولوی وحید الدین	03/مارچ	9
عبدالباسط شاہد	اداریہ: پانی کردے علوم قرآں کو گاؤں گاؤں میں ایک رازی بخش	10/مارچ	10
پروفیسر راجہ نصر اللہ خان۔ ربوہ	حضرت مسیح موعودؑ کا بے مثال عشق رسول ﷺ		
خالد سیف اللہ خان	شہد کی مکھی کے دل پر اترنے والی وحی کا ایک عملی نظارہ	10/مارچ	10

مضمون نگار	عنوانات	تاریخ اشاعت	شمارہ
عبدالباسط شاہد	اداریہ: آزادی ضمیر واظہار۔تصویر کا دوسرا رخ	17/مارچ	11
سید میر محمود احمد ناصر	حضرت محمد ﷺ کے عاشق صادق حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی حیات طیبہ کے تین عظیم پہلو		
سید ساجد احمد۔امریکہ	جسٹن وِنٹل کی کتاب "The Rough Guide History of Islam" میں احمدیت کے متعلق بعض خلافِ حقیقت امور کا تذکرہ		
مقصود احمد علوی۔جرمنی	قوم کی بے حسی اور خود فریبی کی انتہاء	17/مارچ	11
فضیل عیاض احمد شاہد۔ربوہ	مذہبی رواداری اور سیرت محمد ﷺ	24/مارچ	12
مضمون	بورکینا فاسو		
فہیم احمد خادم	جامعہ احمدیہ غانا۔اور 2005ء	24/مارچ	12
عبدالباسط شاہد	کچھ تو خوف خدا کرو لوگو!	31/مارچ	13
فضیل عیاض احمد شاہد۔ربوہ	سیدنا حضرت اقدس مسیح موعودؑ کی عظیم الشان دینی خدمات		
خالد سیف اللہ خان۔	دنیائے مذاہب: حضرت مریم کے روحانی مقام کی بابت کیتھولک اور پروٹسٹنٹ فرقوں کے اختلافات		
سید میر محمود احمد ناصر	سیرت النبی۔وسعت حوصلہ	31/مارچ	13
عبدالباسط شاہد	کیوں چھوڑتے ہو لوگو نبی کی کتاب کو	07/اپریل	14
فضیل عیاض احمد	سیدنا حضرت اقدس مسیح موعودؑ کی عظیم الشان دینی خدمات (دوسری قسط)		
آصف محمود باسط	تعارف کتب: درویشان احمدیت جلد اول۔700 احکام خداوندی		
عبدالرب انور محمود	شراب اور جوئے سے متعلق قرآنی تعلیمات کی حقانیت اور عظمت پر عصری گواہیاں		
خالد سیف اللہ خان	آسٹریلیا کے قدیم باشندے	07/اپریل	14
عبدالباسط شاہد	اداریہ: ارتداد کی سزا	14/اپریل	15
فضیل عیاض احمد	سیدنا حضرت اقدس مسیح موعودؑ کی عظیم الشان دینی خدمات (تیسری اور آخری قسط)		
مظفر محمود احمد شاہد۔جرمنی	تعارف کتب: Buddah & Christ Nativity Stories & Indian traditions		
ملک منور احمد عارف جہلمی	مکرم میاں سلطان بخش صاحب آف کلرکہار کے قبول احمدیت کی سرگزشت	14/اپریل	15
محمد سلطان ظفر۔کینیڈا	اُذْکُرُوْا مَحَاسِنَ مَوْتَاکُمْ۔چوہدری محمد یوسف صاحب ومحترمہ رقیہ بی بی صاحبہ	21/اپریل	16
عبدالباسط شاہد	اداریہ: خوشگوار گھریلو زندگی		
پروفیسر راجہ نصر اللہ خان	جہاد کے متعلق بصیرت افروز صحیح اسلامی نظریہ		
	نائیجیریا۔ایک تعارف		
نعمت اللہ بشارت۔مبلغ سلسلہ	ڈنمارک میں شائع ہونے والے توہین آمیز خاکے اور جماعت احمدیہ کا ردّعمل		
	بادام۔نئی تحقیق	21/اپریل	16
عبدالرحمٰن انور محمود خان۔امریکہ	رضاعت سے متعلق قرآنی تعلیمات کی حقانیت وعظمت پر عصری گواہیاں	28/اپریل	17
خالد سیف اللہ خان۔آسٹریلیا	خدا کا اپنی مخلوق کی طرف وحی اور ذرّہ ذرّہ میں یادداشت کا حیرت انگیز نظام		
دوست محمد شاہد۔مؤرخ احمدیت	مذہبی دلآزاری کے لئے کارٹون کا ہتھیار احرار نے 1951ء میں ایجاد کیا		
مظفر محمود احمد۔جرمنی	واقعہ صلیب سے زندہ بچنے کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کوہِ ہمالیہ میں آئے تھے۔جرمن ٹیلی ویژن ZDF کی ویڈیو فلم "Jesus Im Himalaja" (عیسیٰ کوہِ ہمالیہ میں) کی جرمن کمنٹری کا اردو خلاصہ	28/اپریل	17
محمود احمد اشرف۔ربوہ	قرآن کریم اور سائنسی طرز فکر	05/مئی	18
میر انجم پرویز	شیخ غلام ہمدانی مصحفی		

مضمون نگار	عنوانات	تاریخ اشاعت	شمارہ
عبدالرب انور محمود۔امریکہ	پیدائشِ انسانی کے مختلف مراحل کے متعلق قرآنی بیان کی صداقت پر جدید سائنسی وطبی تحقیقات کی گواہیاں	12 مئی	19
رہنمائے صحت	تہذیب اور صحت۔خوشبو کا اثر صحت پر۔	12 مئی	19
سید محمود احمد شاہ	اطاعت خلافت۔	19/مئی	20
پروفیسر سیدہ نسیم سعید۔لاہور	خلافت ایک نعمت عظمیٰ	19/مئی	20
عبدالماجد طاہر۔	نظام خلافت۔اس کی اہمیت اور ہماری ذمہ داریاں	26/مئی	21
مبشر احمد کاہلوں۔ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد مقامی ومفتی سلسلہ احمدیہ ربوہ	ظہور مسیح ومہدی قرآن وحدیث کی پیشگوئیوں کی رو سے	02/جون	22
سعید احمد انور۔	قدسیہ انور سعید مرحومہ کی یاد میں	09/جون	23
سہیل احمد ثاقب بسرا۔ربوہ	عاشقان مسیح موعود علیہ السلام	09/جون	23
سہیل احمد ثاقب بسرا۔ربوہ	عاشقان مسیح موعود علیہ السلام (دوسری اور آخری قسط)	16/جون	24
فضیل احمد عیاض شاہد۔ربوہ	خدمت خلق۔سیرت حضرت مسیح موعودؑ کی روشنی میں	23/جون	25
سید قمر سلیمان احمد۔ربوہ،	سلطنت برطانیہ تا ہشت سال (الہام حضرت مسیح موعودؑ)	07/جولائی	26
محمد داؤد مجوکہ۔جرمنی	ایران کی موجودہ صورت حال کا جائزہ	07/جولائی	26
ملک سعید احمد رشید۔ربوہ	حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی عظیم الشان اور بے نظیر قوت قدسیہ (قسط اول)	14/جولائی	27
	سچائی کے لئے کسی بحث کی ضرورت نہیں	14/جولائی	27
	اسلام میں حقیقی جہاد	21/جولائی	28
ملک سعید احمد رشید۔ربوہ	حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی عظیم الشان اور بے نظیر قوت قدسیہ۔دوسری قسط		
عطاء المجیب راشد۔افسر جلسہ گاہ	جلسہ سالانہ۔خداتعالیٰ کی عظیم قدرتوں کا ایک نشان	21/جولائی	28
نصیر احمد قمر	اداریہ۔دیدہ ور ہو تو دیکھو یہ اعجاز حق۔	28/جولائی	30
حافظ مظفر احمد	(تقریر جلسہ سالانہ قادیان 2005ء) سیرت حضرت محمد مصطفیٰؐ انسانی اقدار کا قیام، آزادئ ضمیر اور مذہبی رواداری		31
خالد سیف اللہ خان۔آسٹریلیا	''ڈاونچی کوڈ'' (Da Vinci Code) کے خلاف چرچ کا شدید ردّ عمل		
ڈاکٹر نسیم رحمت اللہ۔امریکہ	حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ کی حسین یادیں		
صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب	(تقریر جلسہ سالانہ قادیان 2005ء) سیرت حضرت مسیح موعود علیہ السلام عشق محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے آئینہ میں		
عطاء المجیب راشد	نظام وصیت۔ایک زندگی بخش نسخہ		
عبدالوہاب بن آدم۔امیر گھانا	(تقریر برموقعہ جلسہ سالانہ قادیان 2005ء) خلافت کی ضرورت، اہمیت اور اس کی برکات		
لطف الرحمٰن محمود	اُمّتِ مُسلمہ میں احیائے خلافت کے لئے کوششوں پر ایک نظر		30
ملک سعید احمد رشید۔ربوہ	حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی عظیم الشان اور بے نظیر قوت قدسیہ۔تیسری قسط	28/جولائی	31
ملک سعید احمد رشید۔ربوہ	حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی عظیم الشان اور بے نظیر قوت قدسیہ۔چوتھی قسط	11/اگست	32
خالد سیف اللہ خان۔آسٹریلیا	دنیائے مذاہب۔یہودا اسکریوتی کی انجیل سے انکشاف ہوا ہے کہ اس نے حضرت عیسیٰؑ کے ساتھ کوئی غدّاری نہیں کی تھی۔		
منیر احمد خادم۔ایڈیٹر بدر قادیان	ہندوستان میں دعوت الی اللہ کے شیریں ثمر تعلیم وتربیت، اشاعتِ تبلیغ اور خدمت خلق کے آئینہ میں	11/اگست	32
ملک سعید احمد رشید۔ربوہ	حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی عظیم الشان اور بے نظیر قوت قدسیہ۔پانچویں	18/اگست	33
امۃ الرشید شوکت	ملک سیف الرحمٰن صاحب		
مقصود احمد علوی	چادر	18/اگست	33

مضمون نگار	عنوانات	تاریخ اشاعت	شمارہ
ملک سعید احمد رشید۔ ربوہ	حضرت مسیح موعودؑ کی عظیم الشان اور بے نظیر قوت قدسیہ۔ چھٹی قسط	25/اگست	34
عطاء المجیب راشد	الوصیت۔ ایک خدائی تحریک		
عبدالباسط شاہد۔ امیر انڈونیشیا	تقریر جلسہ سالانہ یو۔کے 2006ء۔ انڈونیشیا میں جماعت کا تعارف اور ترقی کے ایمان افروز واقعات		
عبدالباسط شاہد	تبصرہ کتب۔ گمنام و بے ہنر		
ملک سعید احمد رشید۔ ربوہ	حضرت مسیح موعودؑ کی عظیم الشان اور بے نظیر قوت قدسیہ۔ ساتویں قسط	کم ستمبر	35
نصیر احمد قمر	جلسوں کی بہار۔ اداریہ		
مرزا خلیل احمد قمر	حضرت حافظ نور الدین خلیفۃ المسیح الاول اور علامہ اقبال کے تعلقات		
خالد سیف اللہ خان	احمدیت کا وہ رنگ جو ہم نے ہمیشہ قائم رکھنا ہے	یکم ستمبر	35
خبر	وفات مرزا عبدالحق صاحب اور صاحبزادی امتہ الباسط صاحبہ و مولانا جلال الدین صاحب قمر	8/ستمبر	36
ملک سعید احمد رشید۔ ربوہ	حضرت مسیح موعودؑ کی عظیم الشان اور بے نظیر قوت قدسیہ۔ آٹھویں اور آخری قسط		
	شعبہ سمعی و بصری و ترجمانی جلسہ سالانہ یوکے 2006ء	8/ستمبر	36
ڈاکٹر عبدالخالق۔ ربوہ	تقریر بر موقع جلسہ سالانہ برطانیہ 2006ء۔ احمدیت کا پیدا کردہ انقلاب	15/ستمبر	37
ہومیو ڈاکٹر نذیر احمد مظہر	احساس کمتری کا ہومیو علاج	15/ستمبر	37
حضرت مصلح موعودؓ	تہجد کے لئے اٹھنے کے 13 طریق	22/ستمبر	38
	تہجد رمضان کی اصل برکت		
	کیا ساری دنیا میں ایک ہی دن عید یا رمضان کا آغاز ہو سکتا ہے		
ظہیر احمد خان مربی سلسلہ لندن	ماہ رمضان اور اس کے فضائل و برکات	22/ستمبر	38
